جواہر رسالت

از جناب ابو تمکین افتخار احمد صاحب ۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۲۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ :۔ المطبوعات ۱۸/۱۴ بہار کالونی ۔ کلیٹن روڈ کراچی پاکستان۵

قرآن مجید اگر متن ہے تو احادیث اس کی شرح وہ اگر اصول کا بیان ہے تو اقوال و اعمال نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام اس کی جزئیاتی تفصیل و توضیح اس بنا پر آج کل انکار حدیث کا جو عام فتنہ بپا ہے اس کے انسداد کے لئے اس بات کی ضرورت تھی کہ قرآن مجید کی آیات کے ساتھ ساتھ ان احادیث صحیحہ کو بھی بیان کیا جائے جن سے احادیث کی مذکورۂ بالا حیثیت صاف طور پر روشن ہو جائے ۔ لائق مرتب نے اسی ضرورت کے پیش نظر مختلف اخلاقی اور روحانی عنوانات کے ماتحت پہلے ان سے متعلق قرآن مجید کی آیات اور پھر انھیں کے مناسب احادیث صحیحہ مع ان کے ماخذ کے حوالہ کے نقل کی ہیں ۔ اور ان احادیث کا اردو میں ترجمہ کرنے کے بعد ان پر تشریحی نوٹ بھی لکھے ہیں نواب احسن یار جنگ نے اپنے والد ماجد نواب وقار نواز جنگ بہادر کی کتاب تبویب القرآن کے تتبع میں کسی ایک مضمون سے متعلق قرآن مجید کی آیات کو یک جا کرنے کے ساتھ اسی مضمون سے متعلق صحیح بخاری کی احادیث کو بھی جمع کرنے کا اہتمام کیا تھا مگر اس سلسلہ کی اب تک صرف ایک جلد "التبویب للقرآن والجامع المسند الصحیح" کے نام سے شائع ہوئی ہے ضرورت ہے کہ قرآن مجید کی تمام آیات سے متعلق اسی طرح کی احادیث کا ایک مجموعہ تیار کیا جائے ۔ یہ کام نہایت وسیع اور فرصت طلب ہے زیر تبصرہ کتاب اگرچہ مختصر ہے لیکن اسی نہج پر مرتب کی گئی ہے ۔ امید ہے کہ یہ کتاب مقبول ہوگی اور جو اس کا مقصد ترتیب ہے اس میں کامیاب ہوگی

دلی کالج اردو میگزین (قدیم دلی کالج نمبر) سنہ ۱۹۵۳ء

مرتبہ ڈاکٹر خواجہ احمد صاحب فاروقی شریک ترتیب گوپی چند نارنگ متعلم ایم ۔ اے ، کتابت طباعت متوسط ، صفحات ۲۰۰ ۔۔ تقطیع ۳۰/۲۰×۸ قیمت درج نہیں ،

خواجہ احمد صاحب فاروقی کا شمار اس وقت ملک کے بلند پایہ سبک گام ادیبوں میں ہوتا ہے ادیب محقق کم ہوتے ہیں ، خواجہ صاحب ادیب بھی ہیں اور محقق بھی جہاں تک دہلی کا تعلق ہے بزم اردو ان دنوں ان کی نواسنجیوں سے معمور ہے جس کا تازہ ثبوت ان کی جدید نہتم بالشان تالیف "میر تقی میر" ہے جس